رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: عالمیہ سال اول　　پرچہ: دوسرا　　مضمون: الحدیث الشریف (مؤطین)

تاریخ: 13-02-2024　　دن: منگل　　کل وقت: 30 منٹ　　کل نمبر: 25

مرکز امتحان: _____　　دستخط نگران مرکز امتحان: _____　　دستخط مقتش: _____

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: رسول اللہ (ﷺ) عیدین میں سورتیں پڑھتے تھے۔

(الف) فلق اور ناس　　(ب) قاف اور قمر　　(ج) اعلیٰ اور لیل　　(د) کوثر اور اخلاص

سوال نمبر 2: ستاروں کی گردش سے بارش برسنے کا اعتقاد رکھنا ہے۔

(الف) جائز　　(ب) ناجائز　　(ج) گناہ　　(د) کفر

سوال نمبر 3: کعبہ کی طرف منہ کرکے نماز پڑھنے سے قبل لوگ کس طرف منہ کرکے نماز پڑھتے تھے؟

(الف) ایران　　(ب) شام　　(ج) عراق　　(د) عمان

سوال نمبر 4: جنگ بدر سے کتنے ماہ قبل قبلہ بدلا؟

(الف) دو ماہ　　(ب) تین ماہ　　(ج) چار ماہ　　(د) چھ ماہ

سوال نمبر 5: رسول اللہ ﷺ نے قرآن کی کتنی قراءتیں بیان کی ہیں؟

(الف) 4　　(ب) 6　　(ج) 7　　(د) 8

سوال نمبر 6: حضور (ﷺ) نے ارشاد فرمایا: "ہر نبی کے لیے۔۔۔ کا اختیار ہوتا ہے"۔

(الف) شفاعت　　(ب) دعا　　(ج) فرمان　　(د) تینوں

سوال نمبر 7: رسول اللہ (ﷺ) صحابہ کو دعا ایسے سکھاتے تھے جیسے انہیں۔۔۔ سکھاتے تھے۔

(الف) نماز　　(ب) قرآن کی سورت　　(ج) حدیث　　(د) حج

سوال نمبر 8: معتکف جس جگہ اعتکاف کرنے کا ارادہ کرے وہاں مسجد میں داخل ہو۔

(الف) دن میں　　(ب) رات میں　　(ج) سورج غروب ہونے سے پہلے　　(د) طلوع آفتاب کے وقت

سوال نمبر 9: حضرت عائشہ اعتکاف کرتیں تو کسی کی۔۔۔ نہ کرتیں مگر چلتے چلتے۔

(الف) عیادت　　(ب) مدد　　(ج) بات　　(د) دعا

سوال نمبر 10: اللہ پاک نے اعتکاف کے لئے تمام مساجد کو رکھا ہے۔

(الف) خاص　　(ب) عام　　(ج) محکم　　(د) مجمل

سوال نمبر 11: امام مالک کے نزدیک جس عورت کو دوران اعتکاف حیض آجائے وہ کیا کرے؟

(الف) گھر لوٹ جائے　　(ب) مسجد میں رہے　　(ج) قضا کرے　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: اعتکاف کی حالت میں اپنی بیوی کے پاس جانے کا کیا حکم ہے؟

(الف) حلال　　(ب) حرام　　(ج) مکروہ　　(د) فرض

سوال نمبر 13: سب سے پہلے جس نے حدیث کو جمع کیا اس کا نام ہے۔

(الف) ربیع بن سعید　　(ب) ربیع بن صبیح　　(ج) جریر بن عبداللہ　　(د) ابن ابی شیبہ

سوال نمبر14: امام شافعی کے نزدیک کتاب اللہ کے بعد اصح الکتب۔۔۔ ہے۔

(الف) بخاری (ب) مسلم (ج) الموطا (د) ابو داود

سوال نمبر15: عمر بن عبد العزیز کی خلافت میں سب سے پہلے احادیث کو مدون کرنے والے ہیں۔

(الف) شہاب زہری (ب) ابن شہاب زہری (ج) ابو عروجہ (د) امام اوزاعی

سوال نمبر16: ابو طالب مکی کی کتاب کا نام ہے۔

(الف) منہاج العابدین (ب) احیاء العلوم (ج) قوت القلوب (د) نخبۃ الفکر

سوال نمبر17: "**عند الاحناف صلوۃ الخوف**" کا طریقہ کن صحابی سے مروی ہے؟

(الف) عبد اللہ بن عمر (ب) عبد اللہ بن عباس (ج) عبد اللہ بن زبیر (د) عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم

سوال نمبر18: "**من صلی رکعۃً لم یقرأ فیھا بام القرآن**" اس عبارت میں ام القرآن سے کون سی سورت مراد ہے؟

(الف) بقرۃ (ب) فاتحہ (ج) کوثر (د) اخلاص

سوال نمبر19: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو غسل کس نے دیا تھا؟

(الف) بیٹے (ب) بیوی (ج) نواسے (د) والد

سوال نمبر20: جمہور احناف کے نزدیک **قراءت خلف الامام** کا حکم۔۔۔ ہے۔

(الف) **مطلقا** جائز (ب) **مطلقا** ناجائز (ج) سری میں جائز (د) جہری میں جائز

سوال نمبر21: حضرت انس فرماتے ہیں ہم نماز عصر ادا کرتے، پھر۔۔۔ جانے والا چلا جاتا۔

(الف) مسجد علی (ب) مسجد بلال (ج) مسجد قباء (د) مسجد عائشہ

سوال نمبر22: "**نقیۃ**" کا معنی ہے۔

(الف) خالص (ب) شفاف (ج) سفید (د) واضح

سوال نمبر23: اللہ تعالیٰ نے اپنے اور بندے کے درمیان۔۔۔ کو نصف نصف تقسیم کیا ہے۔

(الف) نماز (ب) فاتحہ (ج) روزہ (د) حج

سوال نمبر24: امام اعظم کے نزدیک جنازے کے پیچھے چلنا۔۔۔ ہے۔

(الف) افضل (ب) احسن (ج) واجب (د) فرض

سوال نمبر25: کس صحابی سے نماز کے اوقات کے بارے میں سوال کیا گیا؟

(الف) حضرت علی (ب) حضرت عمر (ج) حضرت ابو ہریرہ (د) حضرت زید رضی اللہ عنہم